شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

11اگست2023ء

پریس ریلیز

نظریۂ پاکستان کی عملی تعبیر کے بغیر آزادی بے معنی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): نظریۂ پاکستان کی عملی تعبیر کے بغیر آزادی بے معنی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ 14 اگست کی آمد آمد ہے جب ہمیں آزادی کی نعمت حاصل ہوئی تھی لیکن 77 برس پہلے قائم ہونے والی مملکتِ خداداد پاکستان میں آج معاشی، سیاسی اور سماجی مسائل کے انبار قوم کی خوشیوں پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ ہماری رائے میں اگر قرار دادِ مقاصد پر خلوص دل اور نیک نیتی سے عمل کیا جاتا اور قیامِ پاکستان کے فوراً بعد تمام مکاتبِ فکر کے 31 جید علماء کی جانب سے متفقہ طور پر پیش کیے گئے 22 نکات کو بنیاد بنا کر پاکستان کو ایک حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی طرف پیش رفت شروع ہو جاتی تو آج پاکستان اندرونی و بیرونی خطرات سے محفوظ اور استحکام اور ترقی کی طرف رواں دواں ہوتا۔ اُنھوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے کہ ہم اپنے طرزِ عمل پر نظر ثانی کر لیں، ماضی میں نفاذِ اسلام کے حوالے سے جو غفلت اور کوتاہی برتی گئی ہے اُسے دُور کیا جائے اور تحریکِ پاکستان کے دوران اللہ تعالیٰ سے کیے گئے وعدے کا ایفاء کریں۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم مختلف قسم کے نظام اور طرزِ ہائے حکومت اپنا کر 77 سال سے ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں نفاذِ عدلِ اسلام ہمارے ایمان کا تقاضا ہے پھر یہ کہ موجودہ حالات کا منطقی اور عقلی تقاضا بھی اِس کے سوا نہیں ہے کہ ہم اپنی اصل کی طرف لوٹیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں موجود ظلم و زیادتی کی فضا اور سیاسی و طبقاتی کشمکش کو ختم کیا جائے اور بقائے پاکستان کے لیے اسلام کے نظامِ عدل اجتماعی کو مملکتِ خداداد پاکستان میں نافذ کرنے میں مزید تاخیر نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو مہلت دی ہے اُس سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں۔ ہمارا کامل ایمان ہے کہ اللہ ہی ہمارا حقیقی سہارا ہے اُس کے سوا تمام سہارے سَراب، دجل اور فریب ہیں جو ہماری ہلاکت کا باعث بنیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح فیصلہ کرنے اور پھر اُس پر استقامت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

بانیٔ تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 11 August 2023

"Independence sans the practical implementation of the ideology of Pakistan is meaningless."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "Independence sans the practical implementation of the ideology of Pakistan is meaningless."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that 14th August is around the corner when Pakistan was blessed with independence, however, the droves of political, economic and social troubles faced by the Islamic Republic of Pakistan created 77 years ago are having a souring effect on the joys of the nation. He remarked that it is our considered opinion that had the Objectives Resolution been implemented with sincerity and the 22 points unanimously provided, immediately after the creation of Pakistan, by 31 eminent Ulema of all schools of religious thought been used as a basis to begin the journey towards making Pakistan a genuine Islamic welfare state then we would have been protected from various internal and external threats and striding on the road to stability and prosperity. He observed that we still have time to change our attitude, rectify the negligence and apathy demonstrated by us regarding the enforcement of Islam in the past and fulfil all promises made with Allah *(SWT)* during the Pakistan Movement. He remarked that we have been floundering for the last 77 years by exhausting various systems and forms of governance (other than Islam). The fact is that it is a requisite of our faith to enforce the Islamic system of justice in Pakistan. Moreover, an objective and rational analysis of the circumstances facing us today also dictates that we revert to our basic ideology. It is imperative to eradicate the current environment of oppression and injustice as well as political and social-class-based conflicts and immediately enforce the system of Islamic Collective Justice in the God-given state of Pakistan in order to fortify Pakistan. We ought to take full advantage of the respite afforded to us by Allah *(SWT)*. The Ameer asserted that we must have absolute faith in the fact that only Allah *(SWT)* is our real patron and the rest is just a mirage and make-belief, which may lead to a catastrophe for us. The Ameer concluded by supplicating that may Allah *(SWT)* help us in making the right decision and then remaining steadfast on it. (He coupled it with Ameen!)

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan